نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی جڑی بوٹیوں کی تلفی سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور14 جنوری2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی فصل میں چوڑے پتے والی اور نوکیلے پت والی یعنی گھاس نما جڑی بوٹیاں اگتی ہیں۔لہذا ان کی مناسبت سے جڑی بوٹی ارزہر کا انتخاب کریں۔ پہلے پانی کے بعد چوڑے پتے والی جڑی بوٹیوں کے لئے سفارش کردہ زہر استعمال کریں۔دوسرے پانی کے بعد نوکیلے پتے والی جڑی بوٹیوں کے لئے سپرے کی جائے۔دونوں قسم کی جڑی بوٹیوں کو ختم کرنے والی زہریں بھی میسر ہیں جو تقریباً40 تا45دن کی فصل پر کی جاسکتی ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کی فصل میں پائی جانے والی چوڑے پتوں والی جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لیے پہلی آبپاشی کے بعد وتر حالت میں مخصوص زہر میں سفارش کردہ مقدار میں 100 تا120 لٹر پانی میں ملا کر سپرے کریں۔جڑی بوٹی مارزہروں کے سپرے کے لیے ٹی جیٹ یا فلیٹ فین نوزل استعمال کریں۔سپرے کے بعد گوڈی یا بار بیرو استعمال نہ کریں۔جڑی بوٹی مار زہروں کے سپرے کے لیے دوپہر کا وقت زیادہ موزوں ہے۔تیز ہوا، دھند یا بارش کی صورت میں ہرگز سپرے نہ کریں۔سپرے کے دوران کسی جگہ پر دوبار سپرے نہ کریں اور نہ ہی کھیت کی کوئی جگہ خالی رہنے دیں۔سپرے کے بعد جڑی بوٹیوں کو چارہ کے طور پر ہرگز استعمال نہ کریں۔جڑی بوٹیوں کی تلفی کے لئے جڑی بوٹی مار زہریں محکمہ زراعت (توسیع یا پیسٹ وارننگ) کے عملہ سے مشورہ کریں

☆☆☆☆